SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
August 5, 2021

ایس ای سی پی کی کمپنیوں کو حقیقی ملکیت کا ڈیکلریشن فارم جمع کروانے کی ہدایت

اسلام آباد (اگست 5) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 123A کے تحت کمپنیوں کے حقیقی مالکان کی معلومات (Ultimate Beneficial Ownership -UBO) کے حلف نامہ فارم 45 کے ذریعے جمع کروانے کی ہدایت کی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے مزید وضاحت کی گئی ہے کہ ایسے تمام فارم 45 جن کو جمع کروانے کی تاریخ پہلے ہی گزر چکی ہے، اگر اگست 13 تک جمع کروادئے گئے تو کمیشن کی جانب سے کسی قسم کی لیٹ فیس یا جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا۔ کمپنیز ایکٹ کے تحت کمپنیز (جنرل پرویژن اور فارم) ریگولیشنز میں کمپنیوں کی جانب سے حقیقی مالکان کی معلومات کو حاصل کرنے، رجسٹر میں محفوظ ترتیب دینے اور ایس ای سی پی کو فارم 45 کے ذریعے حلف نامہ جمع کروانے کا طریق کار وضح کیا گیا ہے۔ کمپنیوں اور کارپوریٹ اداروں کی ملکیت کی معلومات میں شفافیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 میں ترامیم متعارف کروائیں گئیں تھیں جن کے تحت تمام کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقیقی مالکان کی معلومات کو حاصل کرنا اور اس سلسلے میں ڈیکلریشن یعنی فارم 45 ایس ای سی پی کو جمع کرونا لازمی ہے۔

ایس ای سی پی نے فارم 45 جمع کروانے کے لیے ایک آن لائن طریقہ کار بھی متعارف کرایا ہے۔ فارم 45 جمع کروانے کے لیے تفصیلی گائیڈ لائنز اور فائلنگ میں رنمائی کے لئے ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے۔ تمام کمپنیاں جنہوں نے ابھی تک سیکشن 123 کے تقاضوں کی تعمیل مکمل نہیں کی، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جلد از جلد ڈیکلریشن کا فارم 45 فارم جمع کروادیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005